


سبق:10

# جوڑنے کے بجایے ضرب کریں گے




گاندھی جینتی کے موقع پر اسکول میں جلسے کا اہتمام کیا گیا۔ خوب صورت طریقے سے سجا کر گاندھی جی کی تصویر پر پھول کا ہار ڈالا گیا تھا۔

اوپر کی تصویر دیکھ کر لکھیے۔

مہاتما گاندھی کو دیے گیے ہار میں پھولوں کی تعداد = ______________

پہلے گلدان میں کتنے پھول ہیں؟ ______________

دوسرے گلدان میں کتنے پھول ہیں؟ ______________

یہاں ۹ رعدد پھولوں میں ایک ہار اور سات عدد پھولوں میں ایک گلدان سجایا گیا ہے۔

ایک ہی طرح کی ایک سے زائد چیزوں کو لے کر ایک ایک دل بنایا جاتا ہے۔

● دل میں دی گئی تصویروں کو گنیے اور جس دل میں تصویر کی تعداد برابر ہے اس کو لکیر کھینچ کر بتائیے۔



● ہیڈ ماسٹر صاحب نے باغیچہ میں جا کر طلبہ سے کہا کہ جس درجہ یا کلاس کے بچوں کے پھول کے پودوں کی تعداد زیادہ ہوگی، ان بچوں کو سالانہ جلسہ میں انعام دیا جایے گا۔ دیکھیے کس طرح ہر کلاس کے بچوں نے باغیچہ میں جا کر پودوں کا شمار کیا۔



ہر قطار میں پودوں کی تعداد=۳ ہے

قطاروں کی تعداد=۴ ہے

تین کو چار مرتبہ جوڑنے سے ۳+۳+۳+۳ کتنا ہوگا؟

=۳+۳+۳+۳

=۳+۳+۶

۱۲=۳+۹

تو بتایئے پھول کے پودوں کی تعداد کتنی ہوئی؟ ........................



- خالی جگہوں کو بھریئے۔

ہر قطار میں پودوں کی تعداد = ۴ ہے

قطاروں کی تعداد = ۴ ہے

کل پودوں کی تعداد = ۴ + ۴ + ۴ + ۴ = ______ ہے۔

کل پودوں کی تعداد = ______ ہے۔



ہر قطار میں سورج مکھی پھولوں کی تعداد = ______

قطاروں کی تعداد = ______

کل پھولوں کی تعداد = ☐ + ☐ + ☐ = ☐

**استاد کے لیے ہدایت:** ایک ہی عدد کو بار بار جوڑنے کے لیے استاد زیادہ موقع فراہم کریں گے۔ ممکنہ طور پر مختلف چیزیں جیسے (کنکری، پھل، بیج، کاٹھی وغیرہ) لے کر یہ عمل کیا جاسکتا ہے



یوم آزادی کی پیریڈ ختم ہوئی۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نے اپنی تقریر کے بعد ہر کلاس کے منیٹروں کو اپنے اپنے درجے کے بچوں کی تعداد کا شمار کرنے کی ہدایت دی۔ بچوں کی تعداد دیکھ کر مٹھائیاں تقسیم کی جائیں گی۔

کس نے کس طرح بچوں کی تعداد کا حساب کیا دیکھیے۔



درجہ اول کے مانیٹر نے حساب کیا:

ہر قطار کے بچوں کی تعداد = ۳/

قطاروں کی تعداد = ۳/

بچوں کی تعداد = ۳+۳+۳ = ۹ بچے

مانیٹر نے کہا ہم سب مل کر ۹ ہیں۔



درجہ دوم کے مانیٹر نے حساب کیا:

ہر قطار کے بچوں کی تعداد = ۵/

قطاروں کی تعداد = ۳/

کل بچوں کی تعداد = ۵+۵+۵ = ۱۵ بچے

۳/عدد ۵/ کا حاصل جمع (حاصل جوڑ) جتنا ۵/ کا ۳/ گنا اتنا ہی ہے۔

اس لیے ۳/ کا ۵/ گنا = ۱۵/



تیسرے درجے کے مانیٹر نے حساب کیا:

ہر قطار کے بچوں کی تعداد = ۶/

قطاروں کی تعداد = ۳/

بچوں کی تعداد = ۶+۶+۶ = ۱۸/ بچے

تیسرے درجے کے کل بچوں کی تعداد = ۶/ کا ۳/ گنا ۱۸/

ہم نے جانا:

| | | |
|---|---|---|
| ۳+۳+۳ = | ۳ کا ۳ گنا = | ۳×۳ = ۹ |
| ۵+۵+۵ = | ۵ کا ۳ گنا = | ۵×۳ = ۱۵ |
| ۶+۶+۶ = | ۶ کا ۳ گنا = | ۶×۳ = ۱۸ |


● اب آپ کہیے اور لکھیے :

۲+۲+۲ = ۲× ____ = ____

۴+۴+۴+۴+۴ = ۴× ____ = ____

۵+۵+۵+۵ = ۵× ____ = ____

۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰ = ۱۰× ____ = ____



| | |
|---|---|
| ۲ کا ۱ بار = ۲ | ۲×۱ = ۲ |
| ۲ عدد ۲<br>۲+۲ = ۴ | ۲×۲ = ۴ |
| ۳ عدد ۲ کا جوڑ<br>۲+۲+۲ = ۶ | ۲×۳ = ____ |
| ۴ عدد ۲ کا جوڑ<br>۲+۲+۲+۲ = ۸ | ۲×۴ = ____ |
| ۵ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۵ = ____ |
| ۶ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۶ = ____ |
| ۷ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۷ = ____ |
| ۸ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۸ = ____ |
| ۹ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۹ = ____ |
| ۱۰ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۱۰ = ____ |

## ۲ کا پہاڑہ

| | | |
|---|---|---|
| ۲<br>۲ کا ۱ گنا ۲ | ۲<br>۱<br>۲ | دو یکم دو |
| ۲+۲=۴<br>۲ کا ۲ گنا ۴ | ۴<br>۲<br>۲ | دو دونا چار |
| ۲+۲+۲=۶<br>۲ کا ۳ گنا ۶ | ۶<br>۳<br>۲ | دو تیا چھے |
| ۲+۲+۲+۲=۸<br>۲ کا ۴ گنا ۸ | ۸<br>۴<br>۲ | دو چوکے آٹھ |
| ۲+۲+۲+۲+۲=۱۰<br>۲ کا ۵ گنا ۱۰ | ۱۰<br>۵<br>۲ | دو پنجے دس |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۲<br>۲ کا ۶ گنا ۱۲ | ۱۲<br>۶<br>۲ | دو چھکے بارہ |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۴<br>۲ کا ۷ گنا ۱۴ | ۱۴<br>۷<br>۲ | دو ستے چودہ |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۶<br>۲ کا ۸ گنا ۱۶ | ۱۶<br>۸<br>۲ | دو اٹھے سولہ |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۸<br>۲ کا ۹ گنا ۱۸ | ۱۸<br>۹<br>۲ | دو نوا اٹھارہ |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۲۰<br>۲ کا ۱۰ گنا ۲۰ | ۲۰<br>۱۰<br>۲ | دو دہائی بیس |

اس کو اس طرح لکھیں گے:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۴ | ۶ | ۸ | ۱۰ | ۱۲ | ۱۴ | ۱۶ | ۱۸ | ۲۰ |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ |

اسی طرح ۳ کے پہاڑہ کا ٹیبل بنائیے:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | ۹ | ۶ | ۳ |
| | | | | | ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ |
| | | | | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ |


استاد کے لیے ہدایت: دو کنکری کو دس بار لے کر دو پہاڑہ کا ٹیبل کس طرح نکلے گا اس کا بچے مشق کریں گے۔ اسی طرح کی چیزوں کو لے کر ۳، ۴، ۵، ۱۰، کے پہاڑہ کا ٹیبل نکالا جایے گا۔ کیوں کہ پہاڑہ رٹ کر یاد کرنے کی حوصلہ افزائی نہیں کی جایے گی۔



## عملی مشق

1۔ خالی گھروں کو پر کیجیے۔

(i)




ایک گچھا میں چابیوں کی تعداد= ________

گچھوں کے تعداد= ________

کل چابیوں کی تعداد = ____ × ____ × ____

(ii)




ایک کتے کی پیروں کی تعداد= ________

کتوں کی تعداد= ________

۶ کتوں کے کل پیروں کی تعداد= ____ × ____ = ____

(iii)



ایک ہاتھ کی انگلیوں کی تعداد= ________

ہاتھوں کی تعداد= ________

کل انگلیوں کی تعداد= ____ × ____ = ____

2۔ (i) خالی گھروں کو پر کیجیے:

| ضرب کیجیے | ہر ایک دل کی چیزوں کی تعداد | دل کی تعداد | چیزوں کی تصویر |
|---|---|---|---|
| ۳×۲ | ۲ | ۳ |  |
| ۳×۳ | | |  |
| ۲×۴ | | |  |
| ۲×۵ | | |  |
| ۲×۸ | | |  |

(ii) خالی گھروں میں جواب لکھیے:


| | |
|---|---|
| ۴+۴+۴+۴+۴ | ۲۰=۵×۴ |
| ۵+۵+۵+۵+۵+۵ | |
| ۳+۳+۳+۳ | |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲ | |
| ۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰ | |

(iii) خالی گھروں کو پر کیجیے:

| | |
|---|---|
| ۲۰=۴+۴+۴+۴+۴ | ۲۰=۵×۴ |
| ۲۰=۵+۵+۵+۵ | ............... |
| ☐ =۳+۳+۳+۳+۳+۳ | ............... |

3۔خالی گھروں کو پر کیجیے:

(i)



۴ کا ______ گنا = ______ × ______ = ______

(ii)



۵ کا ______ گنا = ______ × ______ = ______

4۔ضرب کر کے خالی جگہوں کو پر کیجیے:


| × | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | | ۸ | | ۱۰ |
| ۲ | | | | | | | | | | |
| ۳ | | | | | | | | | | |
| ۴ | | | | | | | | | | |
| ۵ | | | | | | | | | | |
| ۱۰ | | | | | | | | | | |

اسی طرح کا ایک نقشہ بنا کر اپنے کلاس میں لٹکائیے۔

5۔ سوالوں کے جواب لکھیے :

| | | |
|---|---|---|
| (i) | ایک رکشا کے ۳ پہیے ، ۵ر رکشوں کے کتنے پہیے ؟  | ایک رکشا کے ۳ پہیے ۔<br>۵ رکشوں کے پہیوں کی تعداد = ۳ کا ۵ گنا<br>۳ × ۵ = ۱۵<br>۵ رکشوں کے ۱۵ر پہیے ۔ |
| (ii) | ایک بیلون کی قیمت ۴ روپے ہو تو ۴ر بیلون کی قیمت کیا ہوگی ؟  | |
| (iii) | ۳ر لڑکوں کے داہنے ہاتھ کی انگلیوں کی کل تعداد کتنی ؟  | |
| (iv) | ۷ر کیکڑوں کے کتنے پیر ہوں گے ؟  | |
| (v) | تین سائکل اور چار رکشوں کے کل کتنے پہیے ہوں گے ؟  | |

کون سا تالا کس سے کھلے گا؟




7۔ کہیے اور جواب لکھیے:

(i) ایک گاڑی کے ۴ پہیے، اسی طرح ۲ گاڑیوں کے کتنے پہیے؟ ________

(ii) ایک ہاتھ میں ۵/ انگلیاں، ۳/ ہاتھوں میں کتنی انگلیاں؟ ________

(iii) ۴/ کا ۲ گنا کتنا ہوگا؟ ________

(iv) ۱۰/ کا ۲ گنا کتنا ہوگا؟ ________

(v) ۴/ کا ۱۰ گنا کتنا ہوگا؟ ________

استاد کے لیے ہدایت: دل ہی دل میں حساب کر کے کہنے کے لیے ۲، ۳، ۴، ۵ اور ۱۰ کے پہاڑوں سے تعلق رکھنے والے کئی سوالات تیار کر کے استاد بچوں کے ساتھ مذاکرہ کریں گے۔ اس کے لیے درجہ میں کوئز کا کام بھی کیا جا سکتا ہے۔

8۔ میں کون ہوں بتائیے:

(i) ۲/ کا ۸ گنا سے زیادہ، ۳ کے ۲ گنا سے کم؟ ________

(ii) ۵/ کے ۴ گنا سے کم، ۳ کے ۲ گنا سے زیادہ؟ ________

(iii) ۵ کے ۶ گنا سے کم، ۴ کے ۷ گنا سے زیادہ؟ ________